(Rev. 07/16) LDSS-4148C-UR

NEW YORK STATE

# کتاب 3

# اگر آپ کو کوئی ایمرجنسی ہو، تو آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیئے۔

سوالات اور جوابات

اگر آپ نابینا ہیں یا آپ کی نگاہ بہت زیادہ کمزور ہے اور آپ کو درخواست یا یہ ہدایات کسی متبادل فارمیٹ میں درکار ہیں، تو آپ اپنی سماجی خدمات ڈسٹرکٹ سے درخواست کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل متبادل دستیاب ہیں:

- بڑے حروف؛
- ڈیٹا فارمیٹ (اسکرین ریڈر سے قابل رسائی الیکٹرانک فائل)؛
- آڈیو فارمیٹ (ہدایات یا درخواست کے سوالات کی آڈیو ٹرانسکرپشن)؛ اور
- بریل، اگر آپ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ مذکورہ بالا متبادل فارمیٹس میں سے کوئی بھی آپ کے لیے اتنا مؤثر نہیں ہے۔

درخواستیں اور ہدایات www.otda.ny.gov یا www.health.ny.gov سے بڑے حروف، ڈیٹا فارمیٹ اور آڈیو فارمیٹ میں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بھی دستیاب ہیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ درخواستیں آڈیو فارمیٹ اور بریل میں صرف معلوماتی مقاصد کے لیے ہی دستیاب ہیں۔ درخواست دینے کے لیے، آپ کو تحریری، غیر متبادل فارمیٹ میں درخواست جمع کروانی ہو گی۔ اگر آپ کو کوئی دیگر سہولت درکار ہو، تو براہ کرم اپنی سماجی خدمات ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔

---

یہ بھی دیکھیں

**کتاب 1 (LDSS-4148A)**

"آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے
بارے میں کیا معلوم ہونا چاہیئے"

اور

**کتاب 2 (LDSS-4148B)**

"سماجی خدمات کے پروگراموں کے
بارے میں آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیئے"

---

**اس کتاب کو مستقبل کے استعمال کے لیے محفوظ کریں**

# ایمرجنسیز

**کسی ایمرجنسی میں، اگر وقت اجازت دے تو، آپ کو سب سے پہلے کسی کارکن کے ساتھ بات کرنی چاہیئے۔ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے بعد اور/یا اگر اس کتاب میں دی گئی دیگر تجاویز ہنگامی صورتحال سے نمٹنے میں کارآمد ثابت نہ ہوں، تو بھی آپ کو کسی کارکن سے بات کرنی چاہیئے۔**

**سوال. ایمرجنسی کیا ہوتی ہے؟**

**جواب.** ایمرجنسی ایک فوری ضرورت یا ایسی صورت حال ہوتی ہے جس سے فوری طور پر نمٹنا ضروری ہوتا ہے۔ ایمرجنسی کی کچھ مثالیں یہ ہیں:

- آپ بے گھر ہیں۔
- آپ کے پاس کھانا کم ہے یا نہیں ہے۔
- آپ کی ایمرجنسی طبی ضروریات ہیں اور آپ درکار طبی دیکھ بھال کے لیے ادائیگی نہیں کر سکتے۔
- آپ کے مالک مکان نے آپ کو بے دخلی کے کاغذات دیئے ہیں یا آپ کو بتایا ہے کہ آپ کو فوری طور پر اگلے چند دنوں میں لازمی مکان خالی کرنا ہو گا۔
- آپ کے پاس سرد موسم کے دوران ہیٹنگ کے لیے ایندھن نہیں ہے۔
- آپ کی یوٹیلیٹیز بند ہیں یا بند کی جانے والی ہیں یا آپ کو یوٹیلیٹیز منقطع کرنے کا نوٹس موصول ہوا ہے۔
- آپ یا آپ کے خاندان یا گھرانے کے کسی فرد کو جسمانی یا جنسی زیادتی، ذہنی زیادتی، یا تشدد یا زیادتی کی دھمکیوں کا نشانہ بنایا گیا ہے اور یہ حرکتیں خاندان یا گھرانے کے کسی فرد نے کی ہیں۔
- آپ کی آمدنی کم ہے یا بالکل نہیں ہے، وسائل کم ہیں یا بالکل نہیں ہیں۔
- آپ کی آمدنی اور وسائل کا مجموعہ آپ کے کرایہ یا رہن بمعہ حرارت، یوٹیلیٹیز اور فون کے بل کے مجموعے سے کم ہے۔

**اگر آپ وقتی امداد کے لیے درخواست دے رہے ہیں، اور آپ آج ہمیں بتاتے ہیں کہ آپ کو کوئی ایمرجنسی درپیش ہے، تو ہمیں آپ کی ایمرجنسی کے بارے میں آج ہی آپ کا انٹرویو کرنا ہو گا، یا بصورت دیگر آج ہی آپ کی ایمرجنسی ضروریات کو پورا کرنا ہو گا۔ ہمیں آپ کی ایمرجنسی پر اپنے فیصلے کے بارے میں آپ کو آج ہی تحریری طور پر بھی بتانا ہو گا۔ اگر آپ فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں، اور آپ تیز رفتار پروسیسنگ کے لیے اہل ہیں، تو وہ انٹرویو اور ہمارے فیصلے کا نوٹس آپ کی درخواست داخل کرنے کے دن کے بعد پانچ کیلنڈر دنوں سے زیادہ تاخیر سے نہیں ہو گا۔**

**اگر آپ کے پاس خوراک کم ہے یا بالکل نہیں ہے، یا کھانا خریدنے کے لیے کافی رقم نہیں ہے، تو آپ کو فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس کے لیے فوراً درخواست دینی چاہیئے۔**

**سوال. میں ایمرجنسی وقتی امداد کے لیے کیسے درخواست دوں؟**

**جواب.** اگر آپ کو **پہلے سے ہی** وقتی امداد مل رہی ہے اور کوئی ایمرجنسی صورت حال پیش آتی ہے، تو **فوراً** کسی کارکن کو بتائیں۔

اگر آپ کو وقتی امداد **نہیں مل رہی ہے،** تو ایک درخواست پُر کریں اور کسی کارکن کو بتائیں کہ آپ کو ایمرجنسی ہے۔ آپ کو اسی دن اپنی ایمرجنسی کے بارے میں انٹرویو دینے کا حق حاصل ہے۔

یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو اپنی ایمرجنسی صورت حال میں فوراً مدد مل سکتی ہے، آپ کو کارکن کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے۔ کارکن کو آپ کی ایمرجنسی کی تفصیلات معلوم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ کارکن آپ کو بتائے گا کہ اپنی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے مدد حاصل کرنے سے پہلے آپ کو کون سی معلومات دینے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کہتے ہیں کہ آپ کو بے دخلی کا نوٹس موصول ہوا ہے، تو کارکن اس نوٹس کو دیکھنے کے لیے کہے گا۔

آپ سے اس بات کا ثبوت طلب کیا جائے گا کہ آپ کون ہیں اور آپ کے خاندان کے دیگر افراد کون سے ہیں۔ آپ کو یہ بھی ثابت کرنا پڑ سکتا ہے کہ آپ اور آپ کے خاندان کی بدیسی حیثیت تسلی بخش ہے۔ کارکن یہ بھی جاننا چاہے گا کہ آیا آپ کی کوئی آمدنی یا وسائل ہیں، جیسے کہ بینک اکاؤنٹس یا آپ کو دستیاب دیگر مدد جو ایمرجنسی میں آپ کی اعانت کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ اس کی معلومات یا ثبوت حاصل نہیں کر سکتے ہیں، تو کارکن کو یہ معلومات یا ثبوت حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

اگر آپ کی ایمرجنسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے آپ کی مدد کی درخواست منظور ہو جاتی ہے، تو آپ کو ایک نوٹس ملے گا جس میں بتایا جائے گا کہ آپ کو یہ امداد کس قسم کی، کتنی اور کب ملے گی۔

**سوال۔ کیا ایمرجنسی وقتی امداد کھانا بھی فراہم کرے گی؟**

**جواب۔** اگر کوئی اور "وسائل" (مثال کے طور پر فوڈ بینک، تیز رفتار فوڈ اسٹیمپ)، کھانے کی ایمرجنسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے دستیاب نہ ہوں، تو وقتی امداد کھانے کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے فوری گرانٹ فراہم کرے گي۔

**سوال۔ مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے ایمرجنسی وقتی امداد اور/یا فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس کے لیے منظوری مل گئی ہے؟**

**جواب.** جس دن آپ ہمیں اپنی ایمرجنسی ضرورت یا صورت حال کے بارے میں بتاتے ہیں، ہمیں اسی دن آپ کی ایمرجنسی پر اپنے فیصلے کے بارے میں آپ کو تحریری طور پر بتانا ہو گا۔ اگر آپ فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں، اور آپ تیز رفتار پروسیسنگ کے لیے اہل ہیں، تو وہ انٹرویو اور ہمارے فیصلے کا نوٹس آپ کی درخواست داخل کرنے کے دن کے بعد پانچ کیلنڈر دنوں سے زیادہ تاخیر سے نہیں ہو گا۔

**سوال۔ کیا میں فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس فوراً حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب.** ہاں، آپ اپنی درخواست جمع کروانے کے بعد **پانچ کیلنڈر دنوں کے اندر** فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ اسے **فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس کے لیے تیز رفتار پروسیسنگ کہا جاتا ہے۔**

آپ **تیز رفتار پروسیسنگ** حاصل کر سکتے ہیں، اگر آپ فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس کے اہل ہیں اور:

- آپ کے گھرانے کے پاس 100$ سے کم نقدی یا دیگر دستیاب وسائل ہیں **اور** آپ کے درخواست دینے والے مہینے کے دوران گھرانے کی مجموعی آمدنی 150$ سے کم ہو گی؛ **یا**
- آپ کی آمدنی اور دستیاب وسائل، جیسے دستیاب نقد رقم، بینک اکاؤنٹس، سیونگ سرٹیفکیٹس اور یکمشت ادائیگیاں، آپ کے کرایہ یا رہن بمعہ حرارت، یوٹیلیٹیز اور فون کے بل سے کم ہیں؛ **یا**
- آپ ایک تارک وطن یا موسمی فارم کارکن ہیں جن کے رواں وسائل میں 100$ سے زیادہ نہیں ہے اور درخواست کے مہینے کی واحد آمدنی 1) درخواست سے پہلے ختم کر دی گئی تھی، یا 2) نئی ہے، اور فوڈ اسٹیمپ کے لیے آپ کی درخواست کے بعد دس دن کے اندر 25$ سے زیادہ جملہ آمدنی موصول نہیں ہو گی۔

**نوٹ:** فوڈ اسٹیمپ بینیفٹس کے لیے تیز رفتار پروسیسنگ حاصل کرنے کے لیے آپ کو کھانے سے مکمل محروم ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

**سوال۔ اگر میں بے گھر ہوں یا بے گھر ہونے والا ہوں تو کیا ہو گا؟**

**جواب.** آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں:

- اپنے موجودہ گھر میں رہنے کے لیے۔
- اپنے اور اپنے خاندان کے لیے **"قانونی طور پر ذمہ دار رشتہ دار"** کے علاوہ کسی اور کے ساتھ رہنے کی ادائیگی کے لیے۔ **قانونی طور پر ذمہ دار رشتہ دار** شوہر یا بیوی ہے یا، اگر آپ کی عمر 21 سال سے کم ہو، تو والدین۔
- اپنے اور اپنے خاندان کے لیے کسی پناہ گاہ، ہوٹل یا موٹل میں عارضی طور پر رہنے کا بندوبست کرنے کے لیے، جب کوئی دوسری مناسب رہائش دستیاب نہ ہو۔
- ریستوران الاؤنس کی ادائیگی کے لیے، جب آپ اور آپ کے خاندان کے پاس کھانا پکانے کی سہولیات نہ ہوں اور جہاں آپ قیام پذیر ہوں وہاں آپ کو کھانا فراہم نہ کیا جاتا ہو۔

- رہنے کے لیے محفوظ جگہ کا بندوبست کرنا اگر آپ یا آپ کے خاندان یا گھرانے کا کوئی فرد، اس بات سے قطع نظر کہ آیا آپ یا وہ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں قانونی طور پر یا بصورت دیگر موجود ہیں، جسمانی یا جنسی زیادتی، ذہنی زیادتی، یا تشدد کی دھمکیوں کا شکار ہوئے ہوں، اور یہ حرکتیں خاندان یا گھرانے کے کے کسی فرد، یا موجودہ یا سابقہ قریبی پارٹنر نے کی ہوں۔
- اپنے فرنیچر اور دیگر ملکیتی ذاتی چیزوں کو حفاظت سے رکھنے کی ادائیگی کے لیے جب آپ کو بے دخل کیا جائے یا آپ کو رہائش گا خالی کرنی ہو۔
- رہائش گاہ منتقلی کے اخراجات، کرایہ کے سیکیورٹی ڈپازٹ یا معاہدہ، یا بروکر یا تلاش کنندہ کی فیس کی ادائیگی کے لیے۔
- گھر کے لیے درکار گھریلو اشیاء کی ادائیگی کے لیے۔
- جب آپ کا خاندان ایمرجنسی رہائش گاہ میں ہو تو آپ کو اپنے بچوں کو اسکول لے جانے اور واپس لانے کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے۔
- جب آپ ایمرجنسی رہائش گاہ میں منتقل ہوں یا ایک ایمرجنسی رہائش گاہ سے دوسری میں منتقل ہوں، تو منتقلی کے اخراجات کی ادائیگی کے لیے۔

**سوال۔** **اگر مجھے ایمرجنسی ہیٹنگ یا یوٹیلیٹی کی ضرورت ہو تو کیا ہو گا؟**

**جواب۔** اگر آپ کے پاس حرارتی ایندھن کی کمی ہے یا آپ کے پاس حرارتی ایندھن کی اتنی مقدار ہے جو گھرانے کے ایندھن کے ٹینک (تیل، مٹی کے تیل اور پروپین کے لیے) کے ایک چوتھائی کے برابر یا اس سے کم ہے یا آپ کے پاس حرارتی ایندھن کی جو مقدار موجود ہے وہ 10 کیلنڈر دنوں سے کم چلے گی (لکڑی اور کوئلے کے لیے) یا آپ کی یوٹیلیٹیز بند ہیں یا بند کی جانے والی ہیں، تو آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ پہلے سے ہی وقتی امداد **حاصل کر رہے ہیں** اور آپ کو حرارتی یا یوٹیلیٹی ایمرجنسی ہے، تو ایک کارکن سے بات کریں۔
- اگر آپ کو وقتی امداد **نہیں مل رہی ہے**، تو اپنے مقامی محکمہ سماجی خدمات کو کال کریں۔ وہ آپ کو آپ کے مقامی ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام (Home Energy Assistance Program, HEAP) کے دفتر میں بھیج سکتے ہیں۔ اگر آپ نیویارک سٹی میں رہتے ہیں، تو اپنے مقامی جاب سنٹر پر کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں۔ وہ آپ کو کمیونٹی ڈویلپمنٹ ایجنسی کے ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام (HEAP) کے دفتر بھیج سکتے ہیں۔
- اگر آپ پُریقین نہیں ہیں کہ اپنی حرارتی یا یوٹیلیٹی ایمرجنسی کے لیے کہاں سے مدد حاصل کی جائے، تو ٹول فری کال کریں: **1-800-342-3009.**

**سوال۔** **اگر مجھے ایمرجنسی طبی ضروریات ہوں تو کیا ہو گا؟**

**جواب۔** ریاست نیویارک کا قانون ہسپتالوں سے آپ کو ایمرجنسی دیکھ بھال فراہم کرنے کا تقاضا کرتا ہے، چاہے آپ اس کی ادائیگی نہ کر سکیں۔ اگر آپ کو طبی ایمرجنسی ہے، تو 911 پر کال کر کے فوری طبی امداد حاصل کریں۔

ریاست نیویارک کا قانون یہ بھی تقاضا کرتا ہے کہ ہسپتالوں کو آپ کی ضرورت کے مطابق غیر ایمرجنسی دیکھ بھال بھی فراہم کرنی پڑ سکتی ہے، اگر آپ کی آمدنی ایک مخصوص رقم سے کم ہو۔ قانون ہسپتالوں پر حد لگاتا ہے کہ وہ آپ سے اس دیکھ بھال کے لیے کتنے اخراجات وصول کر سکتے ہیں۔

اگر آپ بیمار ہیں اور آپ کو فوراً طبی دیکھ بھال کی ضرورت ہے، اور آپ نے کامن بینیفٹ شناختی کارڈ (Common Benefit Identification Card, CBIC) کے لیے درخواست دی ہے لیکن آپ کو موصول نہیں ہوا ہے، تو آپ کو اپنے معالج کو بتانا چاہیئے کہ آپ کی Medicaid کی درخواست زیر التوا ہے۔

Medicaid آپ کو Medicaid کے لیے درخواست دینے سے تین ماہ قبل تک کی دیکھ بھال کے لیے طبی بل ادا کرنے پر قادر ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی ادا شدہ یا غیر ادا شدہ طبی بل ہیں، تو یاد سے کارکن کو بتائیں۔

اگر آپ بغیر کاغذات کے بدیسی ہیں، یا عارضی غیر تارک وطن ہیں تو آپ اپنی طبی دیکھ بھال میں مدد کے لیے Medicaid کے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں، اگر آپ حاملہ ہوں یا آپ کو کسی ایمرجنسی طبی عارضے کے علاج کی ضرورت ہو۔

Medicaid آپ کو ریاست سے باہر حاصل کی جانے والی طبی دیکھ بھال کے لیے ادائیگی کرنے پر قادر ہو سکتا ہے اگر آپ کو کسی دوسری ریاست میں سفر کے دوران ایمرجنسی طبی دیکھ بھال کی ضرورت پڑ جائے، لیکن **صرف** اس صورت میں جب ڈاکٹر، سہولت گاہ یا دیکھ بھال فراہم کرنے والا شخص ریاست نیویارک Medicaid پروگرام میں اندراج شدہ ہو۔

**سوال.** **اگر بالغوں، بچوں یا خاندان کے دیگر افراد کے تحفظ کے لیے ایمرجنسی خدمات کی ضرورت ہو تو کیا ہو گا؟**

**جواب.** ذیل میں کچھ خدمات ہیں جو آپ اپنی ایمرجنسی میں مدد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی حد نہیں ہے۔

اگر آپ نیویارک شہر سے **باہر** رہتے ہیں، تو آپ کا مقامی محکمہ سماجی خدمات آپ کی مدد کر سکتا ہے، اس مدد کے علاوہ جو آپ نیچے دیے گئے فون نمبروں پر کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نیویارک سٹی **میں** رہتے ہیں، تو اپنے مقامی جاب سنٹر کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں یا اپنی بورو کے لیے نیویارک سٹی کی ٹیلی فون بک کے سرکاری صفحات میں ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) یا انتظامیہ برائے خدمات اطفال (Administration for Children's Services, ACS) کی فہرستیں تلاش کریں۔ آپ کو جس قسم کی مدد درکار ہے، اس کے لیے درج کردہ نمبر پر کال کریں۔ آپ نیچے دیئے گئے فون نمبرز پر کال کر کے **بھی** مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

اگرچہ گھریلو تشدد سے متعلق خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی حد نہیں ہے، لیکن گھریلو تشدد کی پناہ گاہ میں رہائش پذیر خاندانوں اور افراد کو اپنی ذاتی آمدنی اور دستیاب وسائل کے لحاظ سے پناہ کی لاگت میں حصہ ڈالنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

- **بچوں کا تحفظ** - 18 سال سے کم عمر کے بچوں، جن کے ساتھ زیادتی یا بدسلوکی کی گئی ہو، اور ان کے خاندانوں کو کو دی جانے والی خدمات۔

  اگر آپ کے پاس یہ شک کرنے کی کوئی معقول وجہ ہے کہ کسی بچے کے ساتھ زیادتی یا بدسلوکی کی گئی ہے، تو بچوں سے زیادتی یا بدسلوکی کے ریاست بھر کے مرکزی رجسٹرار کو ٹول فری **1-800-342-3720** پر کال کریں۔ اگر رپورٹ درج کر لی جاتی ہے، تو تحقیقات کی جائیں گی اور، جیسا مناسب ہوا، خاندان کو بچے (بچوں) کے تحفظ کے لیے خدمات پیش کی جائیں گی۔

  اگر آپ کو کسی ایسی ممکنہ زیادتی یا غفلت کے بارے میں خدشات ہیں جو کہ بچوں کی نگہداشت کی رہائشی جگہ پر پیش آئی ہو، تو بھی بچوں سے زیادتی یا بدسلوکی کے ریاست بھر کے مرکزی رجسٹرار کو کال کرنا مناسب ہے۔ آپ اپنے خدشات پر بات کرنے کے لیے **1-800-342-3720** پر ٹول فری کال کر سکتے ہیں۔ اگر رپورٹ درج کر لی جاتی ہے، تو بچوں کی نگہداشت کے رہائشی پروگرام میں تحقیقات کی جائیں گی۔

  اگر آپ Monroe کاؤنٹی (Rochester اور نواح) یا Onondaga کاؤنٹی (Syracuse اور نواح) میں ہیں تو اس کے بجائے آپ ایک مقامی نمبر پر کال کر سکتے ہیں اگر آپ کو کسی خاندان میں یا بچوں کی نگہداشت کی رہائشی جگہ میں بچوں کے ساتھ زیادتی یا بد سلوکی کے بارے میں خدشات ہوں۔ یہ Monroe کاؤنٹی میں **461-5690** اور Onondaga کاؤنٹی میں **422-9701** ہے۔

  اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ کا کوئی نوزائیدہ بچہ ہے جس کی عمر پانچ دن یا اس سے کم ہے اور آپ کو نہیں لگتا کہ آپ اپنے بچے کی دیکھ بھال کر سکتی ہیں تو فوراً کسی کارکن سے بات کریں۔ اگر کسی وجہ سے آپ کسی کارکن سے بات نہیں کر سکتی ہیں، یا اگر آپ اب بھی محسوس کرتی ہیں کہ آپ اپنے بچے کی دیکھ بھال نہیں کر سکتیں، تو ایسا طریقہ، جو آپ اور آپ کے بچے دونوں کی حفاظت کر سکے، تلاش کرنے کے لیے Abandoned Infant Protection Act Information اور ریفرل ہاٹ لائن ٹول فری **(1-866-505-7233)** 1-866-505-SAFE پر کال کریں۔

- **بچوں اور خاندانوں کے لیے روک تھام کی خدمات** – خاندان کو محفوظ طریقے سے ساتھ رکھنے اور رضاعی دیکھ بھال میں جانے سے روکنے کے لیے، یا بچوں کو جلد از جلد رضاعی دیکھ بھال سے محفوظ طریقے سے واپس کرنے کے لیے، بچوں اور خاندانوں کو دی جانے والی خدمات۔ ایمرجنسی نقد رقم، سامان، پناہ گاہ یا دیگر ضروری اشیاء بچوں اور خاندانوں کے لیے روک تھام کی خدمات کا حصہ ہو سکتی ہیں۔ اس بارے میں کسی کارکن سے بات کریں۔

- **بالغوں کے لیے حفاظتی خدمات** - 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ایسے افراد کے لیے خدمات جو جسمانی یا ذہنی طور پر کمزور ہوں، جنہیں ضرر پہنچ چکا ہو یا وہ ضرر کے خطرے میں ہوں، جو اپنی حفاظت نہیں کر سکتے، اور کوئی ایسا نہیں ہے جو ان کی مدد کرنے کے قابل اور اس کے لیے تیار ہو۔

  کسی بالغ فرد کے ساتھ زیادتی، غفلت یا استحصال کا ریفرل کرنے یا اس کی اطلاع دینے کے لیے، براہ کرم اپنے مقامی محکمہ سماجی خدمات کے حفاظتی خدمات برائے بالغان (PSA) یونٹ کو براہ راست کال کریں۔ آپ اپنے مقامی PSA یونٹ کا فون نمبر حاصل کرنے کے لیے ٹول فری **1-800-342-3009** (آپشن 6 دبائیں) پر کال کر سکتے ہیں۔

- **گھریلو تشدد (جسمانی یا جذباتی زیادتی، یا زیادتی کی دھمکی)** - خاندان اور گھرانے کے دیگر افراد کو دی جانے والی خدمات، بچوں کے ساتھ یا ان کے بغیر، جسمانی یا جذباتی زیادتی کے مسائل، یا جسمانی یا جذباتی زیادتی کی دھمکی میں ان کی مدد کرنے کے لیے۔ اگرچہ گھریلو تشدد کی خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی اوپری حد نہیں ہے، لیکن گھریلو تشدد کی پناہ گاہ کے محتاج خاندانوں اور افراد کو اپنی ذاتی آمدنی اور دستیاب وسائل کے لحاظ سے پناہ کی لاگت میں حصہ ڈالنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

آپ ایمرجنسی پناہ گاہ، اسپورٹ گروپس، اور مشاورت کے بارے میں معلومات کے لیے 24 گھنٹے کی ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔ یہ خدمات آپ کو اور آپ کے بچوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کریں گی۔ اپنے مقامی گھریلو تشدد کی خدمات فراہم کنندہ کے متعلق معلومات اور ریفرل حاصل کرنے کے لیے آپ درج ذیل نمبروں پر ٹول فری، دن کے 24 گھنٹے کال کر سکتے ہیں:

**نیویارک سٹی میں 1-800-621-HOPE (1-800-621-4673)** پر کال کریں۔

**ریاست نیویارک کے کسی دوسرے علاقے میں** NYS ڈومیسٹک ہاٹ لائن **1-800-942-6906 (ہسپانوی بولنے والے 1-800-942-6908)** پر کال کریں۔

کوئی خدمات کیس ورکر بھی آپ کے لیے یہ معلومات حاصل کرنے کا بندوبست کر سکتا ہے۔

**سوال.** **اگر مجھے کسی ایمرجنسی صورتحال میں بچوں کی دیکھ بھال کی ضرورت ہو تو کیا ہو گا؟**

**جواب.** اگر خاندان یا تو وقتی امداد پر ہے یا اس کی آمدنی قابل اجازت حد کے اندر ہے، مختصر مدت کی ایمرجنسی صورت حال میں جیسے کہ ایسے معاملات جن میں والدین/نگران افراد آگ لگنے، رہائش کی تلاش یا کسی بزرگ یا معذور رشتہ دار کے لیے گھر کا کام/گھر کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرنے جیسی چیزوں کی وجہ سے دن کے ایک بڑے حصے کے لیے گھر سے غیر حاضر رہتے ہیں، تو بچوں کی دیکھ بھال والدین/نگران افراد کو دستیاب ہو **سکتی** ہے۔ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آیا سماجی خدمات کے مقامی محکمہ کے پاس فنڈز دستیاب ہیں۔ کسی کارکن سے پوچھیں کہ کیا آپ کا مقامی محکمہ سماجی خدمات ان حالات میں بچوں کی دیکھ بھال میں مدد کے لیے ادائیگی کرتا ہے۔

اگر آپ نیویارک سٹی سے **باہر** رہتے ہیں، تو اپنے مقامی محکمہ سماجی خدمات کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں۔ اگر آپ نیویارک سٹی **میں** رہتے ہیں، تو اپنے مقامی جاب سنٹر کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں یا اپنی رہائش کی بورو کے لیے نیویارک سٹی کی ٹیلی فون بک کے سرکاری صفحات میں ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (HRA) یا انتظامیہ برائے خدمات اطفال (ACS) کی فہرستیں تلاش کریں۔ آپ کو جس قسم کی مدد درکار ہے، اس کے لیے درج کردہ نمبر پر کال کریں۔

**سوال.** **اگر میں کسی معذوری کا شکار ہوں، تو کیا مجھے مواصلت کرنے کے لیے مدد مل سکتی ہے جب میں ایمرجنسی مدد طلب کرتا ہوں؟**

**جواب.** ہاں۔ ہر وقت، بشمول ایمرجنسی لیکن صرف اسی تک محدود نہیں، آپ کے مقامی محکمہ سماجی خدمات کو ضروری مددگار آلات اور/یا خدمات فراہم کرنی چاہئیں، جن میں مترجم شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں، تاکہ معذور افراد کے ساتھ مواصلت کو آسان بنایا جا سکے جو کہ اتنی ہی مؤثر ہو جیسے ایسے افراد کے ساتھ بات چیت جو معذوری کا شکار نہیں ہیں۔ جب مقامی محکمہ سماجی خدمات کی جانب سے کوئی مترجم فراہم کیا جاتا ہے، تو آپ سے مترجم کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے نہیں کہا جا سکتا اور نہ ہی آپ سے تقاضا کیا جا سکتا ہے۔

**سوال.** **کیا میں ترجمانی میں مدد فراہم کرنے کے لیے کسی رشتہ دار یا دوست کو لا سکتا ہوں؟**

**جواب.** ہاں۔ آپ کا مقامی محکمہ سماجی خدمات بہرے افراد یا سماعت یا گویائی میں خرابی کے شکار افراد کو ترجمانی میں مدد فراہم کرنے کے لیے کسی رشتہ دار یا دوست کو استعمال کرنے کی اجازت دے سکتا ہے، لیکن درخواست دہندگان/ وصول کنندگان سے اپنا ترجمان لانے کا تقاضا نہیں کر سکتا۔

**سوال.** **اگر میں معذوری کا شکار ہوں اور میری اپوائنٹمنٹ کو ری شیڈول کر دیا جاتا ہے کیونکہ جس تاریخ کو میں نے ایمرجنسی امداد طلب کی تھی اس تاریخ کو مناسب انتظام نہیں ہو سکتا تھا، تو کیا میں پھر بھی ایمرجنسی خدمات حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب.** ہاں، آپ کے مقامی محکمہ سماجی خدمات کو معذور افراد کی ایمرجنسی/فوری ضروریات کو بھی پورا کرنا چاہیئے۔

**سوال.** **اگر میری ایمرجنسی وقتی امداد کی درخواست مسترد ہو جائے تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب.** اگر کوئی کارکن اس بات کا تعین کرتا ہے کہ آپ کی صورتحال ایمرجنسی نہیں ہے اور آپ کو اپنی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے مدد نہیں مل سکتی ہے، تو آپ کو اسی دن ایک تحریری نوٹس دیا جائے گا جو آپ کو یہ بات اور اس کی وجہ بتائے گا۔ اس نوٹس کا مطلب صرف یہ ہوگا کہ آپ کی **ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے مدد** کی درخواست مسترد کردی گئی ہے۔ اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے مدد کی درخواست کو مسترد نہیں کیا جانا چاہیئے تھا، تو آپ ایجنسی کانفرنس یا ایمرجنسی منصفانہ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔